Making a lifetime of difference to children in schools

Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 4LW
Tel: 020 7923 5500 Email: enquiries@place2be.org.uk

والد/والدہ/نگہداشت کنندہ کیلئے معلوماتی شیٹ

Place2Talk
والدین اور نگہداشت کنندگان کی جانب سے اکثر پوچھے گئے سوالات

1. Place2Talk کیا ہے؟

اِس خدمت کے مشہور ترین پہلوؤں میں سے ایک 'Place2Talk' کہلاتا ہے۔ یہ تمام شاگردوں کیلئے کھلَا ہوتا ہے، اور وہ ایک تربیت یافتہ مشیر کے ساتھ 15 منٹ گزارنے کیلئے ملاقات طے کر سکتے ہیں، خواہ اکیلے ہی یا پھر ایک دوست کے ساتھ۔ اوسطاً، Place2Be کے سکولوں میں شاگردوں کی تقریباً ایک تہائی تعداد ہر سال اس خدمت سے فائدہ اٹھاتی ہے۔ شاگرد اکثر دوستیوں یا خود کو درپیش کوئی سی پریشانیوں کے متعلق بات کرتے ہیں۔

2. Place2Talk کے سیشنز کون سرانجام دیتا ہے؟

Place2Be سکول پراجیکٹ مینیجرز (SPM)

Place2Be برٹش ایسوسی ایشن آف کاؤنسلنگ اینڈ سائیکوتھیراپی (British Association of Counselling and Psychotherapy) کا ایک تنظیمی ممبر ہے۔اس سے مراد ہے کہ ہمارے SPMs اس کے اخلاقی دائرہ کار اور اخلاقی ہدایات کے عین مطابق کام کرنے کیلئے کوشاں ہیں، تاکہ وہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کی معلومات رازدارانہ ہیں۔

3. SPMs Place2Talk کے سیشنز کے بارے میں کس سے بات کریں گے؟

Place2Be کی ذمہ داری ہے کہ بچوں کو محفوظ رکھے اور جب اور جہاں ضرورت پڑے حفاظتی کارروائیوں کی پیروی کرے، لیکن بصورت دیگر ہم آپ کے بچے کے ڈیٹا کا کبھی بھی فریقینِ ثالث پر انکشاف نہیں کریں گے۔

4. Place2Be کی جانچکاری کیا ہے اور یہ اہم کیوں ہے؟

Place2Be ہماری تاثیر کو جانچنے کیلئے اور یہ سیکھنے کیلئے معلومات اکٹھی کرتی ہے کہ بچوں اور خاندانوں کو بہترین ممکن خدمت کیسے دی جائے۔ Place2Be کے ٹھیک سے کام کرنے کیلئے ،ہمیں یہ پتہ لگانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ جو معاونت ہم فراہم کرتے ہیں وہ بچوں کی جذباتی تندرستی اور ان کے سیکھنے اور تعلیمی کارکردگی میں مدد کیسے دیتی ہے۔ نتیجتاً یہ بات ہمیں مزید فنڈنگ جمع کرنے اور ہماری خدمات کی تاثیر کا مظاہرہ کرنے کے قابل ہوتے ہوئے ہمیں مزید بچوں کی مدد کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ ہم منطقی طور پر حتی المقدور کم از کم ذاتی ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں اور اسے محفوظ انداز میں سٹور کرتے ہیں تاکہ بچوں کی رازداری غیر ضروری طور پر متاثر نہ ہو۔

5. آپ کے بچے کے متعلق کیا معلومات Place2Be کی جانچکاری میں شامل کی جاتی ہیں؟ Place2Be سکول سے آپ کے بچے کے متعلق معلومات جمع کرتا ہے بشمول ان کا نام، تاریخِ پیدائش، سال کے گروہ، صنف اور قومیت۔ پھر ہم بچوں کی ملاقاتوں اور بحث کردہ معلومات کی معمولی تفصیلات ریکارڈ کرتے ہیں، نیز کوئی سے بھی سوال کو بھی، جو اس سیشن کے نتیجے کے طور پر مشورہ کردہ ہو۔

6. کیا آپ کے بچے کی معلومات رازدارانہ ہیں؟

ہاں۔ آپ کے بچے کا نام ہمارے ریسرچ ڈیٹا میں شامل نہیں ہو گا۔ آپ کے بچے کی معلومات بحفاظت سٹور کی جائیں گی۔

7. ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ)DPA(2018 اور جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن)GDPR(کیا ہے؟

نیا DPA 2018 لوگوں کو ان کی ذاتی معلومات)ڈیٹا(پر کنٹرول دیتا ہے اور جن تنظیموں کے پاس لوگوں کی ذاتی معلومات ہوں ان سے تقاضا کرتا ہے کہ قانونی اور شفاف انداز میں کام کریں۔یہ GDPR کو UK کے قانون میں لاتا ہے،تاکہلوگوں کے ذاتی ڈیٹا پر ان کے کنٹرول کو بڑھائے۔ Place2Be DPA 2018 اور GDPR کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ یقینی بنایا جائے کہ تفصیلات جیسا کہ نام یا تاریخِ پیدائش قانوناً اکٹھی کی جاتی، بحفاظت رکھی جاتی اور دیگر لوگوں یا ایجنسیوں کو نہیں بھیجی جاتی ہیں۔

8. ہم آپ کے بچے کی معلومات کو محفوظ کیسے بناتے ہیں؟

ہم آپ کے بچے کی معلومات کا تحفظ کرنے کا خیال رکھتے ہیں۔ ہماری پالیسیاں اور نظام یقینی بناتے ہیں کہ معلومات تک کوئی ایسا شخص رسائی نہ کر سکے جسے انہیں دیکھنا نہیں چاہیئے۔ وہ معلومات کے ضیاع یا غلط استعمال کے خلاف بھی حفاظت کرتے ہیں۔
ہم اپنے پاس موجود رکھی ذاتی معلومات کا تحفظ کرنے کیلئے تمام موزوں اقدامات اٹھانے کیلئے کوشاں ہیں۔ ہم اقدامات کے ایک سلسلے کا اطلاق کرتے ہوئے یہ کرتے ہیں جن میں ایک محفوظ پاس ورڈ سے محفوظ کردہ ڈیٹابیس میں رکھی گئی معلومات شامل ہیں جن تک محض وہی لوگ رسائی کر سکتے ہیں جنہیں آپ کے بچے کیلئے خدمت فراہم کرنے کیلئے معلومات دیکھنے کی ضرورت ہو۔

9. ہم نے آپ کے بچے کے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کیلئے اجازت کیوں نہیں مانگی ہے؟

ہمارا مقصد یہ ہے کہ سکول میں ایسی خدمت ہو جس تک کوئی بھی بچہ جب چاہے رسائی کر سکے۔ Place2Talk ایک قابلِ قدر خود کا حوالہ دینے کی معاونتی خدمت ہے جو رسائی کے قابل ہوتے ہوئے بدنامی کا خوف گھٹاتی ہے۔ کوئی بھی ایسا بچہ جس کے والد/والدہ/نگہداشت کنندہ نے اتفاق کیا ہو کہ وہ Place2Talk استعمال کر سکتا ہے، شرکت کر سکتا ہے۔ ایسے حالات میں بچے کی معلومات کو ریکارڈ یا محفوظ کرنے یا جانچنے کیلئے والدین کی اجازت درکار نہیں ہوتی، کیونکہ دیگر قانونی حفاظتی اقدامات لاگو ہو جاتے ہیں تاکہ یقینی بنایا جائے کہ کم از کم معلومات اکٹھی کی جاتی اور ایسے انداز میں استعمال کی جاتی ہیں جو خدمت استعمال کرنے والے بچوں کی عزت اور حفاظت کرتا ہو۔

11. کیا یہ قانوناً جائز ہے؟

ہاں۔ DPA 2018 اور GDPR کے تحت، بچے کو براہِ راست پہنچائی جانے والی مشاورتی خدمات کے تناظر میں بچوں کی معلومات استعمال کرنے کیلئے والدین کی اجازت درکار نہیں ہوتی)مزید تفصیلات کیلئے ہماری ویب سائٹ دیکھیں(۔ GDPR بچوں کی معلومات کے استعمال پر سخت حفاظتی اقدامات عائد کرتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ ہمارے پاس دو وجوہات کیلئے مشاورتی سیشنز کیلئے آئے تو ہم اس کے متعلق معلومات ریکارڈ، محفوظ اور جانچ سکتے ہیں:

- ہم آپ کے بچے کے مشاورتی معاونت تک رسائی کرنے کے مفادات کی حفاظت کر رہے ہیں اور محض ضروری معلومات جمع کی جاتی ہیں)اسے "قانوناً جائز مفادات" کہا جاتا ہے ذاتی معلومات پراسیس کرنے کیلئے قانونی بنیاد(؛ اور

- معلومات کو ریکارڈ کرنے سے مراد ہے کہ آپ کا بچہ اپنی صحت اور معاشرتی نگہداشت کیلئے ایک خدمت تک رسائی کرے)یہ کوئی حساس یا "خصوصی زمرے" کی ذاتی معلومات کیلئے ایک مزید قانونی بنیاد ہے(۔

یہ انفارمیشن کمیشنر UK، کے معلومات اور رازداری پر نظر رکھنے والے ادارے کی جانب سے ہدایات کے عین مطابق ہے۔

یہ برٹش ایسوسی ایشن آف کاؤنسلنگ اینڈ سائیکو تھیراپی (British Association of Counselling and Psychotherapy) (BACP) کی جانب سے ہدایات کے بھی عین مطابق ہے، اور SPMs کو لازماً BACP کے اخلاقی دائرہ کار اور اخلاقی ہدایت ناموں کی پیروی کرنا پڑے گی، تاکہ وہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کی معلومات رازدارانہ ہیں۔

نیز، ہم آپ کے بچے کی کچھ معلومات کو تحقیقی اور شماریاتی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کے قابل بھی ہوتے ہیں، کیونکہ ہم کوڈ میں ڈھالی گئی معلومات استعمال کرتے ہیں اور آپ کے بچے کا نام خارج کر دیتے ہیں۔ ہم بعض معلومات کو مواقع کی مساوات اور انکی مشاورت کی نگرانی کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

اس بارے میں مزید معلومات کیلئے آپ ہمارے چیف فنانشل آفیسر سے رابطہ کر سکتے ہیں جن سے 020 7923 5500 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

11. کیا آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ Place2Talk میں شرکت نہ کرے؟

ہاں۔ آپ ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر آپ کا بچہ Place2Talk میں شرکت کرنے کی خواہش رکھتا ہو تو آپ ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے بچے سے ملاقات نہ کریں۔ آپ کو مندرجہ بالا چٹھی کو پُر کرنے اور Place2Be کے سکول پراجیکٹ مینیجر کو لوٹانے کی ضرورت پڑے گی۔

12. کیا آپ اپنے بچے کے متعلق معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں؟

ROYAL PATRON www.place2be.org.uk
HRH The Duchess Registered Office: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 5LW Tel: 020 7923 5500

Of Cambridge Registered Charity in England and Wales (1040756) and in Scotland (SC038649)Registered Company in England and Wales (02876150)

Registered with FUNDRAISING REGULATOR

آپ کسی بھی وقت ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ تصدیق کریں کہ ہم آپ کے بچے کے متعلق کون سی معلومات رکھتے ہیں، اور ہم سے درخواست کر سکتے ہیں کہ ایسی معلومات کو تبدیل کریں، اپ ڈیٹ کریں یا حذف کر دیں۔ اسے)مشاورت کے(موضوع کی رسائی کی درخواست کہا جاتا ہے۔

یہ بات نوٹ کرنا اہم ہے کہ اگر کوئی بچہ موضوعِ مشاورت کی رسائی کے حقوق کے مضمرات سمجھنے کیلئے بہت کم عمر ہو، تو ان کے متعلق ڈیٹا تب بھی ان کا ذاتی ڈیٹا ہوتا ہے اور کسی اور، مثلاً والد/والدہ یا سرپرست کی ملکیت نہیں ہوتا۔ چھوٹے بچوں کے ضمن میں امکان یہ ہوتا ہے کہ یہ حقوق وہ لوگ فراہم کریں جن پر ان کیلئے ولدیتی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اگر آپ اپنے بچے کے ڈیٹا کیلئے درخواست کرتے ہیں، تو ولدیتی ذمہ داری کا ثبوت درکار ہوگا۔

ہم غور کریں گے کہ آیا بچہ اپنے حقوق کو سمجھنے کیلئے کافی پختہ ذہن ہے۔ اگر انہیں مشاق سمجھا گیا تو ہم بچے کا جواب دیں گے یا اس سے مشاورت کریں گے یا پھر آپ)ولدیتی ذمہ داری والے شخص(پر انکشاف کیلئے بچے کی اجازت طلب کریں گے۔

آپ Place2Be کے سکول پراجیکٹ مینیجر سے بات کرتے ہوئے)مشاورت کے(موضوع کی درخواست کر سکتے ہیں جو کہ آپ کو ایک فارم بھرنے کا کہے گا یا پھر آپ privacy@place2be.org.uk پر ایک ای میل بھیجتے ہوئے یہ کر سکتے ہیں۔

.13 ہم آپ کے بچے کی معلومات کتنی دیر تک محفوظ رکھتے ہیں؟

ہم 6 سال کیلئے معلومات اپنے پاس رکھتے ہیں اور پھر وہ تلف ہو جاتی ہیں۔

.14 اگر آپ ہماری خدمت سے ناخوش ہیں تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟

اگرآپ ہماری خدمت کے کسی بھی پہلو سے ناخوش ہیں تو آپ Enquiries@Place2be.org.uk پر ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کے نام تحریری شکایت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اس بارے میں ناخوش ہیں کہ آپ کے بچے کے ڈیٹا کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے تو آپ انفارمیشن کمیشنرکو شکایت کر سکتے ہیں۔ Office of the Information Commissioner, Wycliffe House, Water Lane, WILMSLOW, SK9 5AF فون: 0303 123 1113

ہم فرض کرتے ہیں کہ والدین/نگہداشت کنندگان اس خط پر اپنے بچوں کے ساتھ گفتگو کریں گے ،تاکہ وہ بھی سمجھتے ہوں کہ ان کی معلومات کیسے اور کیوں جمع کی جا رہی ہیں۔اس شیٹ کی نقول Place2Talk کے سیشنز میں موجود بچوں کو بھی دستیاب ہوں گی۔

ROYAL PATRON www.place2be.org.uk
HRH The Duchess Registered Office: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 5LW Tel: 020 7923 5500
Of Cambridge Registered Charity in England and Wales (1040756) and in Scotland (SC038649)Registered Company in England and Wales (02876150)
Registered with FUNDRAISING REGULATOR

ROYAL PATRON www.place2be.org.uk
HRH The Duchess Registered Office: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 5LW Tel: 020 7923 5500

Of Cambridge Registered Charity in England and Wales (1040756) and in Scotland (SC038649)Registered Company in England and Wales (02876150)

Registered with FUNDRAISING REGULATOR